فوری ریلیز کے لیے: 2022/13/7　　گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے پوری نیو یارک اسٹیٹ کے ڈاؤن ٹاؤن کمیونٹیز کے علاقوں کی بحالی کے لیے 200$ ملین کی فنڈنگ کا اعلان کیا

100$ ملین کا نیا NY فارورڈ پروگرام چھوٹے اور دیہی ڈاؤن ٹاؤنز کو مستحکم کرے گا اور ان میں نئی روح پھونکے گا

100$ ملین کے ڈاؤن ٹاؤن ری وائٹلائزیشن انیشئیٹو کے دور 6 کا افتتاح کیا تاکہ میٹروپولیٹن مراکز میں ڈاؤن ٹاؤن علاقوں کی معاونت جاری رہے

گریٹر جمیکا ڈویلپمنٹ کارپوریشن نے جمیکا کے ڈاؤن ٹاؤن ری وائٹلائزیشن انیشئیٹو ایوارڈ کی معاونت سے 11$ ملین کی نئی کو ورکنگ اسپیس کھولی

گورنرKathy Hochul نے آج ڈاؤن ٹاؤن کی بحالی کی دو بڑی کاوشوں کے لیے 200$ ملین کی فنڈنگ کا اعلان کیا: NY فارورڈ (NY Forward)، جو ایک نیا پروگرام ہے کس کا مقصد چھوٹی اور دیہی کمیونٹیز کو ترقی دینا ہے اور ڈاؤن ٹاؤن ری وائٹلائزیشن انیشئیٹو کا راؤنڈ 6۔ آج دونوں پروگرامز کے متعلق ایک معلوماتی پرچہ بھی آج جاری کیا گیا۔ گورنرHochul نے فنڈنگ کا اعلان جمیکا، کوئینز میں گریٹر نیکسس کی فیتہ کاٹنے کی تقریب کے دوران کیا، جو کہ جمیکا کے سابقہ DRI ایوارڈ کے تحت فنڈ شدہ اور گریٹر جمیکا ڈویلپمنٹ کارپوریشن کی یارک کالج کے ساتھ شراکت داری میں چلائی جانے والی 11$ ملین کی ایک بالکل نئی کو ورکنگ اسپیس ہے۔

"نیو یارک کے ڈاؤن ٹاؤنز ہماری کمیونٹیز اور علاقوں کا دل ہیں اور آج ہم ان کا ساتھ دینے کے لیے تفصیلی اقدام کر رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ڈاؤن ٹاؤن ری وائٹلائزیشن انیشئیٹو نے ان علاقوں میں حیات ثانیہ کا آغاز کر دیا ہے جو کہ کاروباروں اور مقامی معیشتوں کی مسلسل ترقی کے لیے انتہائی اہم ہیں؛ اور مجھے اس ضروری پروگرام کا ساتھ دینے پر فخر ہے۔ اپنے ڈاؤن ٹاؤنز کو ترقی دیتے ہوئے، ہمیں ایک نئے پروگرام - NY فارورڈ - کا افتتاح کرنے پر فخر ہے جو کہ نیو یارک کی نسبتاً چھوٹی اور دیہی کمیونٹیز کو دوبارہ وہی مصروف قصبے اور گاؤں بنانے کے لیے جو کہ وہ کبھی ہوا کرتے تھے، لازمی معاونت فراہم کرے گا۔"

"DRI پروگرام نیو یارک بھر میں ڈاؤن ٹاؤن کمیونٹیز کو کامیابی سے بحال کرتا رہا ہے اور ہمارے نئے NY فارورڈ پروگرام کے ذریعے، ہم اس ہی جذبے کو اپنی نسبتاً چھوٹی اور کبھی کبھی عدم توجہ کا شکار ہو جانے والی کمیونٹیز میں، ان کو بحال کرنے کے لیے وسعت دے رہے ہیں،" **لیفٹننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا۔** "ان انتہائی اہم کاوشوں میں نئی سرمایہ کاریاں نیو یارک کے پیدل چلنے کے قابل ڈاؤن ٹاؤن کے علاقوں کو دوبارہ واپس لائیں گی اور ہمارے ان سے چھوٹے گاؤں جات اور قصبوں کی خوبصورتی لوٹائیں گی، جن سب کا مطمع نظر ہماری معیشت کی تعمیر نو ہو گا۔"

DRI کا افتتاح 2016 میں اسٹیٹ کے تمام دس علاقوں کے ڈاؤن ٹاؤنز اور محلّوں کی بحالی کو تیز تر کرنے اور اس میں ہاتھ بٹانے کے لیے کیا گیا تھا تاکہ وہ سرگرمی کے مراکز اور اضافی مقامی سرمایہ کاریوں کو تیز کرنے والے عوامل کا کردار ادا کریں۔ ڈیپارٹمنٹ آف اسٹیٹ (DOS) کی نگرانی میں، ڈیپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ اینڈ کمیونٹی رینیول

(HCR)، ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (ESD) اور نیو یارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (NYSERDA) کی معاونت کے ساتھ، DRI ایک بے نظیر اور اختراعی "منصوبہ بندی کر کے عمل کریں" کی حکمت عملی کا عکاس ہے جو حکمت عملی پر مبنی منصوبہ بندی کو فوری عمل درامد کے ساتھ جوڑتی ہے۔ گورنر نے اس سال DRI میں ایک نئے جزو کا اضافہ کیا جو دو یا تین کمیونٹیز کو مل کر ایک ایوارڈ کے لیے درخواست دینے کے قابل بناتا ہے۔ آج تک, DRI نے اپنے پہلے پانچ ادوار میں 59 کمیونٹیز کو کُل $600 ملین کے ایوارڈ جاری کیے ہیں۔

اس سال کے بجٹ میں گورنر Hochul نے اعلان کیا کہ NY فارورڈ، DRI کی پیشرفت کو بروئے کار لائے گا۔ یہ نیا اختراعی پروگرام جس کو اس سال کے نافذ شدہ اسٹیٹ بجٹ کے $100 ملین کے ذریعے فنڈ کیا گیا ہے، چھوٹے قصبوں اور گاؤں جانے پر توجہ مرکوز کر کے نیو یارک کی نسبتاً چھوٹی اور دیہی کمیونٹیز کے لیے زیادہ منصفانہ طور پر ڈاؤن ٹاؤن کی بحالی کی معاونت کرے گا۔ NY فارورڈ کا مقصد نسبتاً چھوٹی کمیونٹیز کے کام آنا اور ان مقامی معیشتوں کی معاونت کرنا ہے جن میں اکثر ایسا احساس اور کشش ہوتے ہیں جو DRI کے ذریعے فنڈ کیے گئے نسبتاً بڑے، شہری میٹروپولیٹن مراکز سے مختلف ہوتے ہیں۔

DRI کی طرح، DOS اور ایک مقرر کردہ کنسلٹنٹ NY فارورڈ کی کمیونٹیز کے ساتھ منصوبہ بندی اور تیکنیکی معاونت کے عمل کے ذریعے عملدرامد کے لیے تیار منصوبوں کی ایک فہرست تیار کرنے پر کام کریں گے، جہاں ہر REDC جیتنے والوں کو نامزد کر رہا ہو گا۔ NY فارورڈ تاہم مختلف ہے، کہ یہ صلاحیت کی تعمیر کی ورکشاپس اور کنسلٹنٹس سے کمیونٹیز کو ان کی مکمل درخواستیں تیار کرنے کے لیے اور عملدرامد کے مکمل عمل کے دوران تیکنیکی معاونت فراہم کرتا ہے۔ NY فارورڈ ہر علاقے کے لیے فنڈنگ کے دو انتخابات پیش کرتا ہے—$4.5 ملین کے دو ایوارڈز؛ یا $4.5 ملین کی ایک گرانٹ اور $2.25 ملین کی دو گرانٹس۔ DRI اور NY فارورڈ کے درمیان مماثلتیں اور فرق آج گورنر کی جانب سے جاری کردہ پرچے میں مزید بیان کی گئی ہیں۔

NY فارورڈ کے لیے درخواستیں بعد میں اس ماہ کے دوران جاری کی جائیں گی اور جیتنے والوں کا انتخاب اس سال کے دوران بعد میں کیا جانا متوقع ہے۔

سیکریٹری آف اسٹیٹ Robert J. Rodriguez نے کہا، "ہمارے سب سے بڑے شہروں سے لے کر سب سے چھوٹے قصبوں اور گاؤں تک، ہمارے کمیونٹی سینٹرز اور حب کئی اقسام کے ہیں، جن میں سے ہر ایک کا اپنا منفرد کردار اور ضروریات ہیں۔ گورنر نے ہماری ریاست کے نسبتاً چھوٹے ڈاؤن ٹاؤنز کی ضروریات اور اندیشوں کو سُنا اور NY فارورڈ کی شکل میں جواب دیا تاکہ تمام کمیونٹیز، جیسے DRI 39 جن کی تعداد میں اضافہ جاری ہے، کو نیو یارک بھر میں سامنے آنے والے قابل رشک ڈاؤن ٹاؤنز کے ساتھ بحالی کے عمل میں شرکت کا موقع ملے۔"

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،"موقع پیدا کرنے کا مطلب ہے معاشی ترقی کی سمجھدارانہ حکمت عملیاں یہ یقینی بنانے کے لیے کہ کمیونٹیز کے پاس کاروباروں اور رہائشیوں کا ساتھ دینے کے لیے درکار وسائل اور تعمیری ڈھانچہ موجود ہو۔ ریاستی سرمایہ کاریوں کے ذریعے، نیو یارک جنوب مشرقی کوئینز میں معاشی ترقی کا پہیہ چلانے کے لیے کام کر رہا ہے جو کہ کاروباروں کو سہارا دے گی، ملازمتیں پیدا کرے گی اور نئی سرماکاریوں میں تیزی لائے گی۔ گریٹر نیکسس کو ورکنگ اسپیس، ان سرمایہ کاریوں کو بروئے کار لائے گا تاکہ کاروباری افراد، اسٹارٹ اپس اور فری لانسرز کے لیے اپنے کاروبار کو بڑھانے کے لیے کام کی کم خرچ والی جگہیں بنائی جائیں جس سے ڈاؤن ٹاؤن جمیکا کی بحالی کو کئی سال کے لیے آگے بڑھایا جا سکے گا۔"

نیو یارک سٹی ریجنل اکنامک ڈویلپمنٹ کاؤنسل کی کرسی صدارت کے شریک حامل Winston Fisher, فشر برادرز میں شراکت دار؛ اور ڈاکٹر Félix V. Matos Rodríguez، سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک کے چانسلر، نے کہا، "گریٹر جمیکا ڈویلپمنٹ کارپوریشن کا گریٹر نیکسس کاروباروں اور اختراع کا ساتھ دے گا، جس سے جنوب مشرقی کوئینز کے لیے معاشی مواقع میں تیزی آئے گی۔ NYCREDC گریٹر نیکسس کو، کو ورکنگ اسپیس کا ساتھ دینے پر فخر ہے جو چھوٹے کاروباروں کو کم خرچ والی کام کرنے کی جگہیں فراہم کرے گا تاکہ ان کو پروان چڑھنے میں مدد ملے اور وہ ساتھ ساتھ ملازمتوں اور سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کریں جو ڈاؤن ٹاؤن جمیکا کی بحالی میں مددگار ہوں گے۔"

ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوئل کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا، "آج کا اعلان گورنر Hochul کے معاشی ترقی کے ان موجودہ اقدامات کی کامیابیوں کو بروئے کار لائے گا جو نیو یارک کی کمیونٹیز کو خوشحالی کی راہ پر گامزن ایسے علاقوں میں تبدیل کرنے میں مدد دے رہے ہیں جہاں لوگ رہنا، کام کرنا اور اپنے خاندان کی پرورش کرنا پسند کریں۔ ڈاؤن ٹاؤن ری وائٹلائزیشن انیشیٹو اور NY فارورڈ پروگرام کے ذریعے کی گئی 200$ ملین کی یہ سرمایہ کاری زیادہ منصفانہ اور معاشی طور پر سرگرم ڈاؤن ٹاؤنز بنانے اور ہمارے دیہی اور شہری محلّوں میں کم خرچ معیاری رہائش اور خدمات تک رسائی کی ضرورت سے نمٹنے کے لیے پہلے سے جاری کوششوں کا ساتھ دے گا۔ ہمیں نیو یارک کے ڈاؤن ٹاؤنز میں جاری رہنے والی ترقی اور رہائش کے نئے مواقع لانے کے لیے اپنے ریاستی ساتھیوں اور مقامی رہنماؤں کے شانہ بشانہ کام کرنے کی امید ہے۔"

ریپریزینٹیٹو Gregory W. Meeks نے کہا، "میں یہاں نیو یارک کے پانچویں کانگریشنل ڈسٹرکٹ میں اس کو ورکنگ اسپیس کا فیتہ کاٹنے پر گورنر Hochul کو سراہتا ہوں۔ میں نے وہ شاندار کام بھی خود پنی آنکھوں سے دیکھا ہے جو گریٹر جمیکا ڈویلپمنٹ کارپوریشن نے کیا ہے اور مجھے امید ہے کہ ان کی کامیابی جاری رہے گی۔ جمیکا، کوئینز چھوٹے کاروباروں، رہائشیوں اور دسیوں لاکھ سیاحوں کے لیے ایک زبردست مرکز ہے - مجھے نیو یارک اسٹیٹ کی سرمایہ کاریاں یہاں جمیکا میں دیکھ کر دلی خوشی ہے۔"

اسٹیٹ سینیٹر Leroy Comrie نے کہا، "نیو یارک اسٹیٹ کو ہماری مشترکہ کمیونٹیز میں ایک شراکت دار اور تیزی لانے والے عامل کا کردار ادا کرنا ہو گا۔ یہی وجہ ہے کہ میں NY فارورڈ کی فراہم کردہ کئی ملین ڈالر کی سرمایہ کاری اور اس کو ورکنگ اسپیس کے افتتاح کا خیر مقدم کرتا ہوں۔ جب ہم گریٹر جمیکا ڈویلپمنٹ کارپوریشن اور یارک کاج جیسے اداروں کے مابین روابط پر سرمایہ کاری کرتے ہیں تو ہم چھوٹے کاروباروں، کاروباری افراد اور صاحبان نظر کی اگلی نسل کے لیے راستہ صاف کر رہے ہوتے ہیں۔ میں گورنر Hochul، Justin Rodgers اور حکومت میں اپنے ساتھیوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جو نیو یارک کے باشندوں کی زندگیوں میں بہتری لانے کے لیے حکومت کو شریک کار کرنے کی جدوجہد کرتے ہیں۔"

اسمبلی ممبر Vivian Cook نے کہا، "جبکہ ہماری کمیونٹیز عالمگیر وباء کے منفی اثرات سے باہر آ رہی ہیں، ڈاؤن ٹاؤن ری وائٹلائزیشن انیشیٹو جنوب مشرقی کوئینز میں بحالی، ترقی اور جدت کا ایک نیا باب لے کر آنے میں مدد کر رہا ہے۔ اس تبدیلی لانے والی سرمایہ کاری کے ساتھ، گورنر Hochul نے ہماری مقامی معیشت - اور ریاست بھر میں مقامی معیشتوں - کو ترقی کی راہ پر لانے کے اپنے عزم -- اور جمیکا کے رہائشیوں کے لیے جدوجہد کرنے والا نمائندہ ہونے کا اعادہ کیا ہے۔ میں گریٹر نیکسس پراجیکٹ کو ممکن بنانے پر ان کا اور گریٹر جمیکا دویلپمنٹ کارپوریشن کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

کوئینز بورو کے صدر Donovan Richards نے کہا، "جمیکا نے حالیہ برسوں میں اپنے کم قیمت رہائش کے شعبے سے لے کر اپنے فنون کے ماحول اور دیگر میں بہت زیادہ ترقی کی ہے۔ آج گریٹر جمیکا دویلپمنٹ کارپوریشن کی نئی کو ورکنگ اسپیس کے افتتاح کے ساتھ، ہم ایک زیادہ مضبوط اور زیادہ باہمی تعاون والی کمیونٹی کی معیشت بنانے کی جانب ایک اور بڑا قدم اٹھا رہے ہیں جو آنے والی کئی نسلوں کو فائدہ پہنچائے گی۔" کوئینز بورو کے صدر Donovan Richards Jr. نے کہا۔ " ہمارے تمام مقامی چھوٹے کاروبار کو نشو نما پانے کا ایک موقع ملنے کے حق دار ہیں اور یہ اسپیس ان کو بالکل ایسا ہی کرنے کا ایک موقع فراہم کرے گی۔ گورنر Hochul، ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹسے Hope Knight، دی GJDC اور ہماری کمیونٹی کے ان تمام شراکت داروں کا شکریہ جنہوں نے اس کو ممکن بنایا۔"

گریٹر جمیکا دویلپمنٹ کارپوریشن کے صدر CEO Justin Rodgers نے کہا، "اسٹیٹ کا ڈاؤن ٹاؤن ری وائٹلائزیشن انیشیٹو پہلے ہی ڈاؤن ٹاؤن جمیکا میں کام کر رہا ہے، بالخصوص اس وقت جب ہمیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ عالمگیر وباء سے قبل ہم نے نوجوان کاروباری افراد کے لیے کم خرچ، بالچک شرائط پر جگہ کی ضرورت کو محسوس کر لیا تھا؛ اور اب Covid کے بعد کام کرنے کے ماحول نے گریٹر نیکسس کو اور بھی زیادہ اہم بنا دیا ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ یہ منصوبہ ہمارے علاقے میں اضافی جدت، سرمایہ کاری اور مواقع کو کھینچ لائے گا جس سے آخر کار معیار زندگی بہتر ہو گا، ان سب میں سے کوئی بھی ہمارے منتخب افسران کی مدد کے بغیر ممکن نہیں۔ شکریہ، گورنر Hochul!"

نیشنل گرڈ نیو یارک کے صدرRudy Wynter نے کہا، "جدت توانائی کی ایک ایسی ماحول دوست منتقلی کے لیے انتہائی لازم ہے جس میں کوئی بھی محروم نہ رہے۔ نیشنل گرڈ کو گورنر Hochul اور گریٹر جمیکا دویلپمنٹ کارپوریشن کے ساتھ شراکت داری کر کے ہمارے کلین ٹیک انکیوبیشن اکنامک ڈویلپمنٹ گرانٹ پروگرام کے ذریعے گریٹر نیکسس کا ساتھ دینے پر فخر ہے۔ یہ منصوبہ ماحول دوست توانائی والے مستقبل کی جانب ایک اہم قدم ہے جو کہ گریٹر جمیکا کے علاقے میں جدت پسند کمپنیز اور اچھی ملازمتیں لے کر آئے گا۔"

جمیکا کوئینز میں 89-14 Parsons Blvd پر واقع گریٹر نیکس ایک جدت کا شاہکار سہولتگاہ ہے جس میں کام کرنے کی 10,000 مربع فٹ جگہ کم خرچ اور لچک دار شرائط پر ہے جہاں 100-75 افراد کی گنجائش ہے۔ سہولیات میں شامل ہیں ایک باہمی تعاون کے ساتھ کام کرنے کی کھلی کام کرنے کی جگہ، کانفرنس رومز، ساؤنڈ پروف فون بوتھ اور کنٹنٹ بنانے والوں کے لیے ایک پوڈکاسٹ روم۔ ممبران کام کے متعدد ماحولوں میں انتخاب کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں جو ایک باہمی مشترک جگہ پر ایک ہاٹ ڈیسک، ایک کیوبیکل یا مختلف حجم کے نجی دفاتر میں سے منتخب کرنے سے شروع ہوتے ہیں۔ کو ورکنگ اسپیس کی منسلک توسیع کے طور پر، گریٹر نیکسس تقاریب، تعلیمی پروگراموں نیٹ ورکنگ اور مینٹرنگ کے مواقع کے لیے، تربیت گاہ کی ایک بڑی ماڈیولر جگہ پیش کرتا ہے۔ یہ تربیت گاہ کی جگہ گریٹر جمیکا کی کمیونٹی کے ساتھ ساتھ مقامی کو ورکنگ ممبران کو بھی دستیاب ہو گی۔ نئی اسپیس ڈاؤن ٹاؤن جمیکا میں جدت اور کاروباری ترقی کو تیز کرنے کے لیے کاروباری سازوسامان اور خدمات تک رسائی فراہم کرتی ہے۔

گریٹر نیکسس کوورکنگ اسپیس کو ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کیپیٹل گرانٹ سے $1,650,000 جس کی سفارش نیو یارک سٹی ریجنل اکنامک ڈویلپمنٹ کاؤنسل نے کی؛ اور ایک $685,230 کی ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوئل گرانٹ کی معاونت دی گئی۔ اضافی فنڈنگ Deutsche بینک فاؤنڈیشن اور نیشنل گرڈ نے فراہم کی اور نیو مارکیٹ ٹیکس کریڈٹس NYCEDC اور کیپیٹل ون بینک کے ذریعے دیے گئے۔ گریٹر نیکسس کو ورکنگ اسپیس کو گریٹر جمیکا دویلپمنٹ کارپوریشن چلائے گی۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418